آدٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 19 شوال 1447 بدھ 08 اپریل 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 33

پاکستانی عوام اور حکومت سعودی عرب کے ساتھ کھڑی ہے: شہباز شریف

ایرانی حملوں کی مذمت — سعودیہ سے اظہار یکجہتی

پاکستان کی حکومت اور عوام ہمیشہ اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے جس طرح سعودی قیادت اور عوام نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا ہے، وزیراعظم

سعودی قیادت کے تحمل اور دانشمندی کے مظاہرے قابل تعریف، پاکستان دیگر ممالک کے ساتھ مل کر امن کی کوششوں کو کامیاب بنانے کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، سعودی ولی عہد سے ٹیلی فونک گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی ولی عہد سے رابطہ کر کے ایک بار پھر یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم، شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ دوران دونوں رہنماؤں نے خطے میں جاری کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا، وزیراعظم کا کہنا تھا پاکستان کی عوام اور حکومت سعودی عرب کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے گفتگو کے دوران جاری حملوں کے تناظر میں سعودی عرب کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

ایرانی حملے سعودیہ کی خودمختاری اور سالمیت کیخلاف ہیں، پاکستان

پاکستان ان حملوں کی سخت اور دوٹوک الفاظ میں مذمت کرتا ہے، دفتر خارجہ سے جاری بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے سعودی عرب پر ایرانی میزائل و ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے ایک بار پھر سعودی عرب سے مکمل یکجہتی کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

عیدالاضحیٰ پر ملک میں کانگو وائرس کے پھیلاؤ کا خدشہ، ایڈوائزری جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی ادارہ صحت نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

ایران امریکا بیٹھنے کو تیار تھے، اسرائیل نے حملہ کر دیا، اسحاق ڈار

اسرائیلی حملے کے جواب میں ایران نے سعودی عرب پر حملہ کیا، وزیر خارجہ و نائب وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے مذاکرات کے حوالے سے کل بڑی پیشرفت ہوئی اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت توانائی کی طویل مدتی منصوبہ بندی اور موجودہ بین الاقوامی صورتحال میں برآمدی حکمت عملی کے حوالے سے اجلاس ہو رہا ہے

سعودیہ پر ایرانی حملے کشیدگی بڑھا رہے ہیں

پیٹروکیمیکل اور صنعتی کمپلیکس حملوں پر تشویش — کور کمانڈرز کانفرنس

آپریشن غضب للحق کی رفتار برقرار رکھی جائے گی یہاں تک کہ پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کے استعمال کو فیصلہ کن طور پر مکمل ختم نہ کر دیا جائے، کور کمانڈرز کانفرنس کا اعلامیہ

بھارت اور دیگر بیرونی سرپرستوں کی ایما پر کام کرنے والے تمام دہشت گرد پراکسی عناصر، ان کے سہولت کاروں اور معاونین سمیت، بلاامتیاز اور مسلسل تعاقب کے ذریعے ختم کیے جائیں گے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) کور کمانڈرز کانفرنس نے سعودی عرب میں پیٹروکیمیکل اور صنعتی کمپلیکس حملوں پر اظہار تشویش کرتے ہوئے حملوں کو غیر ضروری اور کشیدگی میں اضافہ قرار دیا اور کہا کہ سعودی عرب پر حملے مشرق وسطیٰ کا تنازع حل کرنے کی مخلصانہ کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرات، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز کی زیر صدارت 274ویں کور کمانڈرز کانفرنس کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

سانحہ گل پلازہ: جوڈیشل کمیشن کی تحقیقات مکمل، رپورٹ حکومت سندھ کے سپرد

گل پلازہ میں 17 جنوری 2026 کو لگنے والی آگ کے نتیجے میں 73 سے زائد شہری جاں بحق ہوئے تھے، جوڈیشل کمیشن

تحقیقات کے دوران امدادی کارروائیوں میں حصہ لینے والوں، تکنیکی ماہرین اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں سے بھی جرح کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سانحہ گل پلازہ سے متعلق جوڈیشل کمیشن نے تحقیقات مکمل کر کے رپورٹ سیکریٹری قانون کے حوالے کر دی۔ کمیشن کے سربراہ جسٹس آغا فیصل نے رپورٹ سیکریٹری قانون کے سپرد کرتے ہوئے کہا کہ کمیشن کے ممبران نے انتہائی محنت سے کام کیا۔ گل پلازہ میں 17 جنوری 2026 کو لگنے والی آگ کے نتیجے میں 73 سے زائد شہری جاں بحق ہوئے تھے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ملاقات کے موقع پر مصافحہ کر رہے ہیں

سندھ حکومت: پیٹرول سبسڈی، 2800 افراد کو 56 لاکھ روپے جاری

وفاقی حکومت کو مجبوری میں پیٹرول کی قیمت بڑھانی پڑی جس سے عوام پر بوجھ پڑا ہے، سینئر صوبائی وزیر

سندھ پرائیویٹ بسوں میں مسافروں کو سبسڈی دینے والا واحد صوبہ ہے، مکیش کمار کے ہمراہ پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ پرائیویٹ بسوں میں مسافروں کو سبسڈی دینے والا واحد صوبہ ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ جنگی صورتحال پورے خطے میں ہے۔ وفاقی حکومت کو مجبوری میں پیٹرول کی قیمت بڑھانی پڑی جس سے عوام پر بوجھ پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ نے 35 ارب روپے کی سبسڈی دی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے وفاقی محتسب لوید کامران بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

ڈیڈ لائن ختم ہونے سے قبل ایران پر حملے شروع، 35 ہلاکتیں

امریکا اور اسرائیل کے ایران کے آئل ٹرمینل اور پلوں پر حملے، امریکی صدر کی الٹی میٹم پورا نہ کرنے پر ایران کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی دھمکی

خارگ جزیرے پر فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے، تاحال ان حملوں میں ہونے والے جانی اور مالی نقصان سے متعلق کوئی معلومات سامنے نہیں آئی ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



اسلام آباد: ترک ڈپٹی چیف آف جنرل اسٹاف جنرل لیفٹیننٹ ارگن نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کر رہے ہیں

کے الیکٹرک کا کراچی والوں سے لوٹ مار کا منصوبہ تیار

ایکسچینج ریٹ اثرات اور ریٹرن آف ایکویٹی کے تحت 11 ارب روپے سے زائد کی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست دیدی

اس درخواست پر نیپرا 22 اپریل کو سماعت کرے گا، کمپنی نے درخواست میں مختلف مالی مدوں میں ایڈجسٹمنٹ کی تفصیلات پیش کی ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39



کراچی: گورنر سندھ نہال ہاشمی سے گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل گورنر ہاؤس سندھ میں ملاقات کر رہے ہیں

کاروبار 7 بجے بند کرنے کی تجویز، تاجر برادری میں پھوٹ پڑ گئی

حکمرانوں نے قیمتوں میں اضافے سے عوام کی کمر توڑ دی ہے، کراچی کی ساڑھے تین کروڑ عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا، شیخ حبیب

تاجر برادری کا پیٹرولیم مصنوعات اور اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر گہری تشویش کا اظہار، ریلیف کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مارکیٹیں 7 بجے بند کرنے کی تجویز پر تاجر برادری میں پھوٹ پڑ گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

گلشن روفی اسکیم 33 کے متاثرین انصاف کے متلاشی

650 متاثرین کو پلاٹس کی عدم فراہمی، سندھ ہائی کورٹ نے ملزمان کو طلب کر لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے گجر نالے کے متاثرین کی متبادل گھر کی درخواست مسترد کر دی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

سندھ اور بلوچستان کے گورنرز کا باہمی تعاون پر اتفاق

جعفر خان مندوخیل کی نہال ہاشمی سے ملاقات، منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

سندھ کے مختلف علاقوں میں 11 اپریل سے شدید گرمی کی لہر کا خدشہ

این ڈی ایم اے کا الرٹ جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

کراچی میں پی ایس ایل 11-میچز کیلئے جامع سکیورٹی پلان

ایونٹ کے انعقاد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، ڈی آئی جی سکیورٹی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

نادرن بائی پاس عوام دوست منڈی روشن، پہلا سودا ہو گیا

3 اپریل کو مویشی منڈی آنے والے بیوپاری چاچا سلیم نے اپنا پہلا جانور فروخت کر دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

کراچی میں پولیس مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 5 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان سے اسلحہ، موبائل فونز اور موٹر سائیکل برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35



اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن ایران کے سفیر رضا امیری مقدم سے ملاقات کر رہے ہیں

ایران کا سعودیہ میں پیٹروکیمیکل کمپلیکس پر بڑا حملہ، خوفناک آتشزدگی

سعودی پیٹروکیمیکل کمپلیکس کو امریکا اور اسرائیل کے ایران کے پلانٹ پر حملے کے جواب میں نشانہ بنایا، پاسداران انقلاب نے تصدیق کر دی

سعودی عرب میں حملہ امریکا اور اسرائیل کے خاص طور پر ایران کے آسالویہ پیٹرول کیمیکل پلانٹس پر رات بھر ہونے والے متعدد دھماکوں کا جواب ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

سوئی سدرن گیس کمپنی کو 3 کروڑ ہرجانہ ادا کرنے کا حکم

سوئی سدرن گیس کمپنی مدعیہ کو ایک ماہ میں ہرجانے کی رقم ادا کرے، سینئر سول جج غربی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

اسٹیل ملز میں مہنگی بجلی فراہمی کا معاملہ، فیصلہ محفوظ کر لیا گیا

درخواست گزاروں کی عدالت عالیہ سے کے الیکٹرک کے نرخوں پر بجلی فراہم کرنے کی استدعا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کا کراچی ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ تیار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے کراچی ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ تیار کر لیا۔

سندھ میں جان لیوا بیماری سے 7 بچوں کی اموات

جاں بحق بچوں میں سے صرف 4 کے لیبارٹری ٹیسٹ منکی پاکس مثبت آئے

باقی کیسز خسرہ یا چکن پاکس کے تھے، بعض بچوں میں غذائی کمی اور دیگر پیچیدگیاں تھیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44

خیمسو گوٹھ میں گھر سے نوجوان لڑکی کی گلے میں پھندا لگی لاش برآمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فین ملاقات کر رہی ہیں



آدٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریذیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

مشرق وسطی بحران، عالمی خطرات کا پیش خیمہ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی کہ منگل کا دن ایران کی تباہی کا دن ہوگا، آبنائے ہرمزنہ کھولی تو ایران میں بجلی گھروں، پلوں کو اڑا کر رکھ دیں گے اور ان کے تیل پر قبضہ کرلیں گے، ایران پر قیامت ٹوٹ پڑے گی۔ دوسری جانب تہران نے ٹرمپ کی دھمکیوں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ امریکا و اسرائیل کو بڑا سرپرائز دیں گے۔ امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ امریکی فوجی حضرت عیسی کے لیے لڑ رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جنگ جیتنے کے لیے پیٹ ہیگسیتھ نے حضرت عیسی کے واسطے سے پوپ لیو کو دعا کی درخواست کردی جس پر پوپ لیو نے اس طرح کی دعا سے اظہار لاتعلقی کردیا اور کہا کہ غلبے کے لیے کرسچین مشن کو مسخ کیا جاتا ہے، ایسی باتیں حضرت عیسی کے طریقہ کار سے بالکل ہٹ کر ہیں۔ پوپ لیو نے کہا کہ خدا نے زندگیاں تباہ کرنے کی نہیں، انھیں بنانے کی ترغیب دی ہے، جب کہ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز نے دعوی کیا ہے کہ آبنائے ہرمز سے باحفاظت گزرنے کے لیے بحری جہاز ایران کو 20 لاکھ ڈالر تک ادائیگی کر رہے ہیں۔ مشرق وسطی اس وقت جس بھاری اور غیر یقینی کیفیت سے گزر رہا ہے، وہ محض ایک روایتی جنگی منظرنامہ نہیں بلکہ عالمی نظام کی گہرائی میں پیدا ہونے والی دراڑوں کا عکاس ہے۔ امریکا، اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری کشمکش نے دنیا کو ایک ایسے موڑ پر لا کھڑا کیا ہے جہاں ہر فیصلہ صرف ایک ملک یا خطے تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات بیک وقت کئی براعظموں میں محسوس کیے جاتے ہیں۔ یہ تنازع طاقت، خوف، انا اور بقا کے پیچیدہ امتزاج میں ڈھل چکا ہے۔ اس بحران کی سب سے نمایاں جہت وہ لب ولہجہ ہے جو ٹرمپ کی جانب سے اختیار کیا جارہا ہے۔ جب طاقتور ممالک کے رہنما تحمل اور تدبر کی جگہ دھمکی اور تیزی کو ترجیح دیں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ معاملات قابو سے نکلنے کے قریب ہیں۔ حالیہ بیانات میں جس انداز سے فوری نتائج کی خواہش ظاہر کی گئی ہے، وہ اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ صبر کا دامن ہاتھ سے چھوٹتا جارہا ہے۔ ایسے حالات میں ہر نیا بیان، ہر نئی وارننگ اور ہر نئی ڈیڈ لائن صورتحال کو مزید پیچیدہ بنادیتی ہے، کیونکہ یہ سفارتی راستوں کو محدود کردیتی ہے اور عسکری تصادم کے امکانات کو بڑھادیتی ہے۔ ایران کی جانب سے اختیار کی گئی مزاحمت اس تنازع کو ایک نئی جہت دے رہی ہے۔ یہ صرف دفاعی ردعمل نہیں بلکہ ایک سوچا سمجھا پیغام ہے کہ وہ کسی بھی دباؤ کے آگے سرنگوں ہونے کے لیے تیار نہیں۔ اس مزاحمت نے نہ صرف جنگ کے دورانیے کو بڑھایا ہے بلکہ اس کی نوعیت کو بھی تبدیل کردیا ہے۔ اب یہ محض ایک طرفہ کارروائی نہیں رہی بلکہ ایک ایسا تصادم بن چکی ہے جس میں ہر قدم کے جواب میں دوسرا قدم اٹھایا جارہا ہے۔ اس عمل نے غیر یقینی کو بڑھا دیا ہے اور کسی بھی ممکنہ انجام کو مزید دھندلا کردیا ہے۔ اس صورتحال میں عالمی طاقتوں کا کردار نہایت اہم ہونا چاہیے تھا۔

08th April 1949 پاکستان کی عالمی پہچان کا سنگ میل



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان کی توانائی اور معیشت کا چیلنج



تحریر: عبدالرفیع صدیقی
سینئر تجزیہ کار

اسرائیل اور امریکہ کا ایران پر دباؤ: عالمی امن کا امتحان



تحریر: ڈاکٹر ایم آئی درانی
سینئر تجزیہ کار



صحت مند ماحول، صحت مند پاکستان وژن کے تحت پھلوں کے باغات کے قیام کا آغاز

کورنگی میں فروغ شجرکاری، اسکول اور فرنیچر ایسوسی ایشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

مرتی ہوئی اخبار کیا کہہ رہی ہے



تحریر: محمد عبیداللہ میرانی
صدر کورنگی پریس کلب کراچی



نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری

بک ایکسچینج فیسٹیول جیسے پروگرام نوجوان نسل کو مطالعہ کی طرف راغب کرتے ہیں، حافظ شعیب



عالمی صورتحال کے پیش نظر قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا جائے، محبوب اعظم

حکومت عوام کے ساتھ زیادتی کرنے میں مصروف ہے، عبدالرحمن

یوسی میں فنڈ میں کمی کے سبب عوامی مسائل کو حل کرنے میں دشواری کا سامنا ہے، عاصم شمیم

بیماریوں سے بچاؤ کے لیے عوامی شعور بیدار کرنا ضروری ہے، شمسہ مدثر جبین

پیپلز پارٹی کی بنیاد شہیدوں کی قربانی پر قائم ہے، محمد مقبول خان

نوجوان بے روزگاری کے سبب جرائم کی طرف بڑھ رہے ہیں، محمد یاسین



ملازمین کے معاملات میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے، یونین

مطالبات کیلئے احتجاج کرنا ہر ملازم کا قانونی حق ہے، میونسپل ورکرز ٹریڈ یونینز

افواج پاکستان مشکل گھڑی میں ایران کے ساتھ کھڑی ہے، آغا حسین اخوندزادہ

قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے فیڈرل سول ڈیفنس ٹریننگ اسکول کراچی میں کورسز کی تربیت

حکومت کی ناقص پالیسی سے ملک کے غریب عوام مشکل زندگی گزار رہے ہیں، عبدالرحمن

گیس کا بحران عوام کے لیے دردسر بن گیا، محمد شاہد





بقیہ نمبر 01 اطلاعات

آرگنائیزر ظہیر الاسلام، نیشنل بینک کے افسران عظمت اللہ خان، جاوید اقبال، قاضی عابد، معین فاروقی، محمد اشفاق، مجاہد علی خان، اور دیگر دوست احباب نے شرکت کی۔ میزبان گلفراز احمد خان نے اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے دوست، بھائی سماجی کارکن عرصہ دراز سے انسانیت کی بے لوث خدمت کر رہے ہیں اور خاص کر انھوں نے مسلسل ملت آئی میڈیکل منعقد کر کے ہزاروں مرد و خواتین کی آنکھوں کے مفت آپریشن کرا چکے ہیں اور اپنی فیملی کے ساتھ عمرے کی سعادت بھی حاصل کی ہے ہم سب زاہد رحیم بھائی کو سماجی خدمات پر خراج تحسین اور مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ ان کو صحت، استقامت صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ بانی و چیئرمین خدمت عوام ویلفیئر آرگنائیزیشن زاہد رحیم نے گلفراز احمد خان اور دیگر دوست احباب کا اس عزت افزائی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بیلا لوباؤس سے محبت، خلوص اور اعتماد کا دیرینہ رشتہ قائم ہے اور گزشتہ چالیس سال سے میں یہاں کی بہترین مہمان نوازی کا عینی شاہد ہوں اللہ تعالیٰ آپ تمام کو خوش و خرم رکھے اور آپ کو بار بار مکے، مدینے کا مسافر بنائے اور بیلا لو ہاؤس پر اپنی رحمتوں کی بارش فرمائے۔ آمین تمام شرکاء تقریب نے سماجی رہنما زاہد رحیم کو پھولوں کے پہنائے اور گلدستے پیش کیے اور ان کے لیئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ میزبان گلفراز احمد خان نے پر تکلف عشائیہ کا اہتمام کیا۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

مصروف عمل ہے۔ کمیونٹی پولیسنگ، بروقت انصاف کی فراہمی، لوگوں کے جان و مال کی حفاظت اور سکیورٹی مہیا کرنے کیلئے جہلم پولیس ہمہ وقت تیار ہے، اسی طرح امن و امان کو قائم رکھنے کیلئے جہلم پولیس کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کا سلسلہ بھی جاری ہے، گزشتہ ماہ میں کل 75 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا جن میں سے 19 مجرمان اشتہاری اے کیٹگری اور 36 مجرمان اشتہاری بی کیٹگری جبکہ 18 عدالتی مفروران کو گرفتار کیا گیا۔ آتش کے 02 مقدمات درج کر کے 02 ملزمان گرفتار کئے گئے، ریپ کے 05 مقدمات درج کر کے 06 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 14 گینگ ٹریس کر کے 53 مقدمات میں 37 ملزمان کو گرفتار کر کے 72 لاکھ 44 ہزار 200 روپے برآمد کر لیے گئے۔ ملکیات کا 06 مقدمہ درج کر کے 06 ملزم کو گرفتار کیا گیا اور جن سے 529 گرام چرس اور 24 عدد بوتلیں شراب برآمد کی گئیں، ناجائز اسلحہ کے 23 مقدمات درج، 23 ملزمان گرفتار، جن سے 25 عدد پسٹل، 01 کلاشنکوف، 107 عدد روند برآمد کئے گئے، قمار بازی کے 02 مقدمات درج، 09 ملزمان گرفتار، جن سے قمار بازی کی 06 عدد موبائل فونز، 07 عدد موٹر سائیکلز اور 02 عدد مرغے کل مالیتی 14 لاکھ 56 ہزار روپے برآمد کئے گئے۔ پتنگ بازی کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے پتنگ بازی اور پتنگ فروشی میں ملوث 03 مقدمات درج کر کے 03 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن سے 546 عدد پتنگیں اور 11 عدد خونی ڈوریں برآمد کی گئیں، بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بھکاری ملزمان کے خلاف 79 مقدمات درج کر کے 114 ملزمان کو گرفتار کیا، جن میں 51 مرد اور 63 عورتیں شامل ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کل 6849 چالان کر کے 01 کروڑ 50 لاکھ 15 ہزار روپے کا جرمانہ کیا گیا۔ پولیس خدمت مراکز جہلم میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات میں 4459 افراد نے استفادہ حاصل کیا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم نے گزشتہ ماہ میں بذریعہ کمپلینٹ سیل 304 سائلین کی شکایات کو سنا اور ان پر احکامات جاری کیے۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

اذیت کا باعث بن چکا تھا۔ اہل علاقہ کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے فوری نوٹس لیا اور بغیر کسی تاخیر کے خود موقع پر پہنچ کر صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے نہ صرف مسائل کو قریب سے دیکھا بلکہ شہریوں کی بات کو تحمل اور توجہ کے ساتھ سنا، جس سے عوامی اعتماد میں واضح اضافہ دیکھنے میں آیا۔ چیئرمین حاجی نواز علی بروہی کی موقع پر موجودگی نے متعلقہ عملے کو فوری طور پر متحرک کر دیا، اور ان کی براہ راست نگرانی میں سیوریج لائنوں کی صفائی اور بحالی کا کام باقاعدہ طور پر شروع کر دیا گیا۔ بھاری مشینری کو استعمال میں لاتے ہوئے بند لائنوں کو کھولا گیا، پانی کے بہاؤ کو بحال کیا گیا اور نکاسی آب کے نظام کو فعال بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے گئے، تاکہ علاقے کو فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے اپنے واضح اور دوٹوک موقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے مسائل ہمارے لیے محض شکایات نہیں بلکہ ایک امانت اور ذمہ داری ہیں۔ ہم صرف دفتری کارروائیوں تک محدود نہیں بلکہ ہر اس مقام پر خود موجود ہوتے ہیں جہاں عوام کو تکلیف کا سامنا ہو۔ سیوریج جیسے بنیادی مسئلے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر ناقابل قبول ہے۔ ہماری اولین ترجیح یہ ہے کہ جاری کام کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام کو مستقل اور پائیدار ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ منگھوپیر ٹاؤن کی تمام یونینز میں جاری ترقیاتی و مرمتی کاموں کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے، اور ایک جامع حکمت عملی کے تحت مسائل کو عارضی نہیں بلکہ مستقل بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے، تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور بہتر ماحول میسر آ سکے۔ اہل علاقہ نے چیئرمین کے فوری اقدام، ذاتی دلچسپی اور موقع پر موجودگی کو بے حد سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا کہ ان کی آواز نہ صرف سنی گئی بلکہ اس پر فوری اور موثر عمل بھی کیا گیا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ اس طرز قیادت سے نہ صرف مسائل کا حل ممکن ہوتا ہے بلکہ عوام اور انتظامیہ کے درمیان اعتماد اور تعلق بھی مضبوط ہوتا ہے۔ یہ دورہ اس امر کی واضح عکاسی کرتا ہے کہ منگھوپیر ٹاؤن میں قیادت محض احکامات جاری کرنے تک محدود نہیں بلکہ عملی میدان میں موجود رہ کر مسائل کا ادراک اور ان کا فوری حل یقینی بناتی ہے، جو ایک فعال، با اختیار اور عوام دوست نظام کی بہترین مثال ہے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

میر نور الرحمان جکھرانی اور ایم پی اے شیر محمد مغیری سمیت قبائلی عمائدین اور ہزاروں سوگواروں نے شرکت کی۔ میر بابل خان جکھرانی ایک نڈر اور عوامی رہنما تھے، ان کی وفات پر سیاسی و سماجی حلقوں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

ضرورت ہے۔ جدید دور میں آئی ٹی تعلیم کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند ماہ قبل شروع کیے گئے ان آئی ٹی کورسز کا مقصد نوجوانوں کو ہنر مند بنانا تھا، اور آج بڑی تعداد میں طلبہ کا کامیابی کے ساتھ کورس مکمل کرنا ایک خوش آئند بات ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لیاقت آباد ٹاؤن کی جانب سے ایسے تعلیمی و فنی پروگرامز کا انعقاد ایک نہایت مثبت اور مثالی اقدام ہے۔

جس سے نوجوانوں کو نہ صرف سیکھنے کے مواقع ملتے ہیں بلکہ وہ عملی میدان میں آگے بڑھنے کے قابل بھی بنتے ہیں۔ چیئرمین یونین کمیٹی نمبر 03 یونس بندھانی اور یونین کمیٹی نمبر 04 عبید احمد خان نے طلبہ میں اسناد کی تقسیم، کارکردگی، محنت اور لگن کو سراہا اور اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی اس نوعیت کے پروگرامز کا انعقاد جاری رکھا جائے گا تاکہ زیادہ نوجوان مستفید ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

کے وائس چیئرمین عصمت اللہ بیگ، عبد الغفار عزیز، غلام مصطفیٰ خانزادہ، حامد سلطان کاشف، ابیع الدین، متقی راجا عباس، ٹاؤن کونسلر حسین ذبیح اللہ، مصعب بن خالد سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے افسران سمیت ٹی ایم سی ڈائریکٹر کونسل ممتاب جبار و دیگر محکمہ جاتی افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں عوامی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف قراردادیں پیش کی گئیں۔ اراکین ٹاؤن کونسل کی جانب سے پیش کردہ قرارداد میں کہا گیا تھا کہ ٹاؤن نیپل کارپوریشن ماڈل کالونی کا یہ اجلاس ٹاؤن کی حدود میں سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی کارکردگی کو قطعاً مایوس کن قرار دیتا ہے اور عدم اطمینان کا اظہار کرتا ہے حکومت سندھ کی جانب سے بھاری بجٹ کی فراہمی کے باوجود صفائی کے انتظام کی مکمل ناکامی پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتا ہے صفائی کے ناقص نظام کی وجہ سے نہ گھروں سے کچرا وصول کیا جا رہا ہے اور نہ ہی گلی محلوں میں سڑکوں کی باقاعدہ صفائی کا انتظام موجود ہے انتہائی ناکافی غیر معیاری اور غیر پیشہ ورانہ افرادی قوت اور مشینری کی وجہ سے جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں اور نالے بھی کچروں سے بھر گئے ہیں جس کی وجہ سے علاقوں میں تعفن رہتا ہے اور بیماریاں پھیلنے کا سبب بن رہا ہے اس سلسلے میں اس ادارے کے خلاف قرارداد نمبر 49/24,59/24,71)25,112/26 پاس کی جا چکی ہے اور کئی بار یاد دہانی کے خطوط بھی جاری کیے گئے لیکن ادارے کی غیر سنجیدگی بے شرمی کے مقام کو چھو رہی ہے لہٰذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ حکومت سندھ اس معاملے میں ہنگامی نوعیت کے اقدامات کرے آئین پاکستان اور سپریم کورٹ کے فیصلوں کی روشنی میں تمام بلدیاتی امور ٹاؤن میونسپل کارپوریشن کے حوالے کیے جائیں اور سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کو فوری تحلیل کر کے ٹاؤن کے حوالے کیا جائے SSWMB کو تحلیل ہونے تک تمام نئے معاہدے ڈسٹرکٹ کے بجائے ٹاؤن کے ساتھ کیے جائیں SSWMB کے ٹھیکیداروں کی موجودہ ادائیگیاں ٹاؤن چیئرمین کی تصدیق سے مشروط کی جائے سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کا 12 سالہ کارکردگی کا فرانزک آڈٹ کیا جائے SSWMB کے موجودہ ٹھیکیدار کو پابند کیا جائے کہ وہ ٹھیکے کی شرائط پر مکمل عمل درآمد کریں اور ٹاؤن کی مدد سے نگرانی کا نظام بنایا جائے کرپشن اور نااہلی کے مرتکب افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی کی جائے۔ پیش کردہ قراردادیں کثرت رائے سے منظور ہوئیں۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

زندگیاں نگل جاتی ہے۔ نہ کے الیکٹرک کو کوئی فرق پڑتا ہے اور نہ بلدیاتی اداروں کو بارش بھی خوف کی علامت بن گئی ہے باران رحمت کو بینڈ گورننس باران زحمت بنا دیتی ہے لیکن کوئی ان کا پرسان حال نہیں۔ بلدیاتی ادارے ان کے قبضے میں ہیں جو کراچی کے ساتھ مخلص نہیں۔ کراچی آرگنائزنگ کمیٹی نے حکومت سندھ سے موثر اقدامات اور متاثرین کو معاوضوں کی ادائیگی کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ جبکہ حادثات میں جاں بحق ہونے والوں سے دلی تعزیت اور مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا کی ہے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

ساجد علی کربلائی انصاری نے کی۔ اجلاس کی صدارت عوامی پریس کلب رائیو کے صدر ساجد علی کربلائی انصاری نے کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا یہ لاکو قبرستان ہمارے بزرگوں کی امانت ہے، جس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ آج شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم اپنے تاریخی ورثے کی حفاظت کے لیے سنجیدہ ہیں۔ معزز شخصیات کی بڑی تعداد میں شرکت اجلاس میں استاد بہار، لاڑک، فقیر نظام وسار، عبد المجید ملاح، حاجی جمیل کبا گھرو، منزل شیخ، علی امداد لاڑک، محمد موسیٰ شیخ، لیاقت شیخ، درویش علی ملاح، نظام حسین شیخ، نذیر شیخ، جنید بھٹ، قمر سوڈکی، عابد حسین، خلیل کبا گھرو، فہیم زبیر، غلام شبیر شیخ، سبحان میمن، عامر سوڈکی، زاہد منگو، منصور ملاح، وسیم، عبد النعیم انصاری سمیت شہر کی متعدد شخصیات نے شرکت کی۔ مختلف برادریوں کی نمائندگی وسار، شیخ، ملاح، سوڈکی، انصاری، میمن، ہاپی، بروہی، سوذرو، منگھار، بھٹ، عباسی اور لاڑک برادری سمیت دیگر برادریوں کے نمائندگان نے اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے قبرستان کے تحفظ کیلئے مشترکہ عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں کیے گئے اہم فیصلے شرکاء کی جانب سے درج ذیل اہم فیصلے اور مطالبات پیش کیے گئے۔ قبرستان کی زمین پر قبضوں اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف سخت کارروائی قبرستان کی چار دیواری، حفاظت، روشنی اور صفائی کا مستقل نظام قائم کرنے کا مطالبہ قبضہ مافیا کے خلاف قانونی اور سماجی سطح پر مشترکہ جدوجہد کا اعلان 6 رکنی کمیٹی کا قیام قبرستان کے مسئلے کو منظم طریقے سے آگے بڑھانے کے لیے 6 رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی، جس میں ساجد علی کربلائی، فقیر نظام وسار، علی امداد لاڑک، جمیل احمد کبا گھرو، شمیم رضا مغل اور محمد یوسف میمن شامل ہیں۔ کمیٹی مختلف برادریوں سے رابطے اور آئندہ اجلاس کی تیاری کی ذمہ دار ہوگی۔ اگلی اہم میٹنگ کا اعلان اگلا اہم اجلاس 12 اپریل 2026 (اتوار) دوپہر 12 بجے امام بارگاہ عیسوالاکو میں منعقد ہوگا، جس میں حتمی فیصلے کیے جائیں گے۔ ان خاندانوں کی شرکت لازمی قرار دی گئی ہے جن کے بزرگ اس قبرستان میں مدفون ہیں۔ خصوصی معاملہ زیر بحث آئے گا۔ اجلاس میں فقیر نظر شیخ کے قبرستان کے اندر موجود گھر کے مسئلے پر بھی آئندہ اجلاس میں حتمی فیصلہ کرنے کا اعلان کیا گیا۔ شہریوں سے اپیل: اجلاس کے اختتام پر شہریوں سے اپیل کی گئی کہ: "اپنے بزرگوں کی آخری آرام گاہ کی حفاظت ہم سب کا اخلاقی فرض ہے۔ اس لیے 12 اپریل کے اجلاس میں بھرپور شرکت کرتے ہوئے مشترکہ آواز بنیں۔"

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

علامت ایم پی پی ہے۔ انہوں نے یہ بات کورنگی زمان ٹاؤن میں نئی شامل ہونے والے پارٹی ورکرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ کورنگی زمان ٹاؤن کے انچارج سلمان شفیق جوائنٹ انچارج فیصل، کمیٹی ممبران شاہد، نعیم آسمان، عباس، اور محمود بھی اس موقع پر موجود تھے۔ عامر علی نے کہا کہ ملک کے سیاسی اور بین الاقوامی حالات اور سربراہ ڈاکٹر عشرت العباد خان کے ویژن کو بیان کیا گیا۔ اجلاس میں جلد جنرل ورکرز اجلاس منعقد کرنے کا بھی اعلان کیا گیا۔ جبکہ جاری ورکنگ پر ذمہ داران نے رپورٹ پیش کی۔ عامر علی نے کہا کہ بین الاقوامی حالات تیسری عالمی جنگ کے خطرات کا اشارہ دے رہے ہیں۔ اللہ اسلامی ممالک کی حفاظت فرمائے۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے ریاست پہلے اور سیاست بعد میں سیاست میں شرافت کا نظریہ دیا ہم اس پر کاربند

ہیں اور مسلسل ڈاکٹر صاحب ملک بھر میں ویڈیو لنک پر آن لائن ذمہ داران سے خطاب کر رہے ہیں۔ جلد بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے بھی حکمت عملی کا اعلان کریں گے۔ ساتھی اپنے اپنے علاقوں میں کام تیز کریں۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

کامران ولد ظفر اقبال کو 1146 گرام چرس سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا جبکہ ایک اور کارروائی میں ملزم میاں محمد کو 540 گرام چرس اور نقد رقم (ڈنک) سمیت گرفتار کرلیا، دونوں ملزمان کو قانون کی گرفت میں لے کر پابند سلاسل کروا دیا گیا۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری تاکہ منشیات کے اس مکروہ دھندے کو بے نقاب کیا جا سکے۔ بھکر پولیس کی جانب سے قانون کی بالا دستی قائم رکھنے اور معاشرے کو منشیات جیسے ناسور سے پاک کرنے کے لیے پرعزم۔

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

میں کوتاہی کے مرتکب تاال شیر کلاف تی الفور سخت تادیبی کارروائی عمل میں لا کر روبہ حلقہ معصومہ مندرجہ پر انتظامی امور بہتر بنا کر ملک بھر سے روزانہ آنے والے ہزاروں زائرین کی پریشانیاں دور کرنے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

کو مزید بہتر بنانے، اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے اور طلبہ کے بہتر نتائج کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے شعبہ میں بہتری حکومت پنجاب کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے اس ضمن میں کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے سی ای او ایجوکیشن تعلیمی اداروں کی کڑی مانیٹرنگ کے سلسلہ کو برقرار رکھیں۔ اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن شازیہ توصیف بھی موجود تھیں جبکہ دیگر متعلقہ افسران سکول کے ممبران نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے دی گئی بریفنگ پر اظہار اطمینان کیا۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

سے گل ہما، عابدہ پروین، مقبرہ فاطمہ، مندیلہ، اعجاز، سیما تبسم، زیتون، طارق شاہ اور اختر حسین شریک ہوئے۔ جبکہ آل پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن کی نمائندگی چیئرمین پبلک ریلیشن راشد حسین انصاری، منشور کالونی فرنیچر مینوفیکچرنگ کے جنرل سیکریٹری شہزاد حسین، ارسلان، طاہر وثروت اور یوسی 8 کے چیئرمین و نائب چیئرمین نے کی۔ تقریب کے اختتام پر تمام معزز مہمانوں نے شجرکاری مہم کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا اور اس عہد کا اظہار کیا کہ وہ ماحول دوست سرگرمیوں کو مزید وسعت دیں گے۔ بعد ازاں شرکاء نے یادگاری گروپ فوٹو بھی بنوایا۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

اور رفتار کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ زیر زمین سیوریج کے نظام کو بہتر بنانے کے بعد روڈز کی تعمیر شروع کی جائے مزید تمام ترقیاتی منصوبے اعلیٰ معیار کے مطابق اور مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ مرجانی ٹاؤن کے مکینوں کو بہتر سٹری سہولیات اور نکاسی آب کے نظام میں بہتری فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ کام کی بروقت تکمیل میں کسی قسم کی تاخیر نہیں کی جائے اور تمام افسران تعمیراتی منصوبے میں اپنی صلاحیت کو بہتر انداز سے پورا کرے۔ ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے آصف جان صدیقی نے کہا کہ ادارہ ترقیات کراچی شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے اور شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

انظور نے کہا کہ تحریک انصاف کے کارکنان اس ظلم کے سامنے ہرگز نہیں جھکیں گے اور یہ جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک بانی پی ٹی آئی عمران خان اور دیگر اسیران کو رہائی نہیں مل جاتی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کارکنان کا جذبہ بلند ہے اور وہ ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان شاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب قومی لیڈر عمران خان کو جیل سے نکال کر عوام کو خوشخبری دی جائے گی اور ملک میں حقیقی جمہوریت بحال ہوگی۔ راجا انظور نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف نیب کے بنائے گئے جعلی مقدمات کو گزشتہ 16 ماہ سے سنوائی نہ ہونا کھلی ناانصافی اور ظلم کے مترادف ہے۔ انصاف کی فراہمی میں اس قدر تاخیر نہ صرف قانونی تقاضوں کی خلاف ورزی ہے بلکہ بنیادی انسانی حقوق کی بھی نفی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو انصاف فراہم کرنا عدالتوں کی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے، مگر بدقسمتی سے انہیں مسلسل تاخیری حربوں کا سامنا ہے۔ اس رویے سے عدالتی نظام پر عوام کا اعتماد مجروح ہو رہا ہے۔ راجا انظور نے مزید کہا کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کی طبیعت ناساز ہے اور انہیں فوری طبی سہولیات کی اشد ضرورت ہے۔ خصوصاً عمران خان کی آنکھ کے علاج کے لیے بہتر اور بروقت طبی امداد ناگزیر ہے، جس کے لیے ان کی ضمانت انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عدالتیں فوری طور پر ان مقدمات کی سماعت یقینی بنائیں اور عمران خان و بشریٰ بی بی کو انصاف فراہم کرتے ہوئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ان کی ضمانت منظور کی جائے تاکہ وہ اپنی صحت کا بہتر علاج کروا سکیں۔

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

وہاں کے عوام کو بھی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ امریکہ کی پالیسیوں کا خمیازہ نہ صرف اس کے اپنے شہری بلکہ دنیا بھر کے ممالک بھگت رہے ہیں۔ ثروت اعجاز قادری نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایران کی توانائی کے انفراسٹرکچر، پاور پلانٹس اور تیل کے کنوؤں کو نشانہ بنانے کی دھمکیاں خطے کے امن کے لیے انتہائی خطرناک ہیں۔ اس طرح کی دھمکیاں کسی بھی وقت ایک بڑی جنگ کو جنم دے سکتی ہیں۔ امریکہ بظاہر مذاکرات کی بات کرتا ہے لیکن درحقیقت وہ مذاکرات کی آڑ میں نئی سازشیں تیار کر رہا ہے۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ امریکہ کی ان پالیسیوں کا نوٹس لے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے کردار ادا کرے۔ ثروت اعجاز قادری نے مطالبہ کیا کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اور جنگی ماحول کے بجائے سفارتی حل کو ترجیح دی جائے تاکہ دنیا کو ایک بڑے بحران سے بچایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

نااہلی کارکردگی کے باعث انتخابات ملتوی ہونے اور ہزاروں امیدواروں کو ایڈمٹ کارڈ جاری نہ ہونے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت نے تعلیم کو مذاق اور تجربہ گاہ بنا دیا ہے، سندھ حکومت اور میٹرک بورڈ کی نااہلی و بدانتظامی کی سزا کراچی کے طلبہ بھگت رہے ہیں، ہزاروں طلبہ و طالبات کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے جبکہ تاحال ایڈمٹ کارڈز کے اجراء کا بحران ختم نہ ہونے کے باعث کراچی کے ہزاروں طلبہ و طالبات اور والدین شدید ذہنی و جسمانی

الیت کا شکار ہیں۔ میٹرک بورڈ آفس پر ایڈمٹ کارڈز حاصل کرنے والوں کا ہجوم لگا ہوا ہے، شہر بھر سے آنے والے امیدوار پریشان حال ہیں اور بورڈ انتظامیہ ان کو ایڈمٹ کارڈز جاری کرنے میں ناکام ہے اور امتحانی مراکز کے قیام کے حوالے سے بے شمار شکایات سامنے آ رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ میٹرک بورڈ میں صرف ایک سال میں 4 کنٹرولر امتحانات تبدیل کیے گئے اور صورتحال یہ ہے کہ صوبائی محکمہ بورڈ اور دیگر متعلقہ ذمہ داران ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈال رہے ہیں لیکن بدانتظامی اور بحران کو ختم نہیں کیا جا رہا، منعم ظفر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے 18 سالہ بدترین دور حکمرانی میں تمام اداروں کو تباہ و برباد کر دیا ہے، تعلیمی بورڈز میں من پسند افراد کی تقرریوں اور سیاسی و انتظامی مداخلت نے تعلیم کا بیڑا غرق کر دیا ہے، کبھی نتائج میں سنگین بے ضابطگیاں سامنے آتی ہیں اور طلبہ و طالبات کو فیل قرار دے دیا جاتا ہے، تحقیقاتی کمیٹیاں بنتی ہیں لیکن ذمہ داران کے خلاف کوئی کارروائی سامنے نہیں آتی بلکہ ان کو تحفظ فراہم کیا جاتا ہے جو کراچی کے طلبہ و طالبات کی تعلیمی نسل کشی کے مترادف ہے۔

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

ہے اور یہ منصوبہ شہر کے ٹریفک نظام میں بہتری لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں تقی حسن کی سڑک کے بہتری و بحالی کے اہم ترقیاتی منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما مسرت نیازی، سٹی کونسل کے اراکین مختلف تنظیموں اور تعلیمی عہدیداران سمیت کے ایم سی افسران بھی موجود تھے۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ یہ منصوبہ 26 سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے پروگرام کا حصہ ہے اور اس کے ذریعے اندرونی سڑکوں کو مرکزی شاہراہوں سے بہتر طور پر منسلک کیا جائے گا، اس سے نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی بلکہ مقامی کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ میئر کراچی نے کہا کہ جب میں نے چارج سنبھالا تو ادارہ شدید مشکلات کا شکار تھا تاہم اب مختلف چیلنجز کے باوجود شہر میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں، انہوں نے کہا کہ پیکج 08 کے تحت ترقیاتی کاموں کا دائرہ کار وسیع کیا جا رہا ہے اور اس منصوبے کے ذریعے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات اور نکاسی آب کا موثر نظام فراہم کیا جائے گا، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے بتایا کہ نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں تقی حسن کی سڑک کے بہتری و بحالی کے منصوبے پر تقریباً 140 ملین روپے لاگت آئے گی جس میں سڑک کی بحالی، ڈرینج نظام کی اپ گریڈیشن اور دیگر بنیادی سہولیات شامل ہیں، تقی حسن اسٹریٹ کو جدید ڈبل کیرج وے میں تبدیل کیا جائے گا جس کی لمبائی تقریباً 0.883 کلومیٹر (2,900 فٹ) ہوگی جبکہ سڑک کی چوڑائی 30 فٹ رکھی جائے گی، منصوبے میں اٹھی ہوئی لمبائی کی ڈرینج لائن کی مرمت بھی شامل ہے تاکہ بارشوں کے دوران پانی کی نکاسی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس اقدام سے شادمان اور اطراف کے علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو درپیش مسائل میں واضح کمی آئے گی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ بعض عناصر تنقید برائے تنقید کرتے ہیں تاہم ان کی توجہ سیاست کے بجائے شہر کی ترقی پر مرکوز ہے، جماعت اسلامی اقتدار کے حصول کے لیے تنقید کر رہی ہے جبکہ پیپلز پارٹی عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے جس کا مقصد سیاسی پوائنٹ اسکورنگ نہیں بلکہ کراچی کے مسائل کا حل ہے، شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا بلدیہ عظمیٰ کراچی کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جاری میگا منصوبوں کو جلد مکمل کر کے شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

نمائندگی محترمہ زہرہ خان، امجد خان ابڑو، مختار حسین اعوان اور عبدالواحد شوروں نے کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر سعادت میمن، ڈاکٹر کامران اور دیگر بھی موجود تھے۔ اجلاس میں 175 گورننگ باڈی کے منٹس کی منظوری دی گئی۔ کمشنر سیسی نے 174 ویں گورننگ باڈی کے فیصلوں پر اب تک ہونے والے عملدرآمد سے سب کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں ایف بی آر کو ایڈوانس ٹیکس کی ہونے والی ادائیگی پر گذشتہ گورننگ باڈی کے اجلاس میں مانگی گئی رپورٹ پر بتایا گیا کہ اس سلسلے میں رپورٹ مرتب کر کے سیکرٹری محنت کو بھیج دی گئی ہے۔ جس پر گورننگ باڈی نے اس حوالے سے سیکرٹری محنت کو اس کی حتمی رپورٹ مرتب کر کے آئندہ گورننگ باڈی میں پیش کرنے کی ہدایات دیں۔ اجلاس میں مختلف ادویات و میڈیکل سامان کی ترسیل کرنے والی کمپنیوں کے سال 2019-20، 2023-24 اور سال 2024-25 کی تھرڈ پارٹی فرانزک رپورٹ کے بعد اب تک تقریباً 3 کروڑ 36 لاکھ روپے کی ادائیگی کی منظوری دی اور اس سلسلے میں مذکورہ تھرڈ پارٹی فرم کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات اور تجاویز پر من و عن عمل درآمد کی بھی ہدایات دیں۔ اجلاس میں مزدوروں کے میڈیکل بل کے معاوضہ کی 34 لاکھ روپے کی ادائیگی کی بھی منظوری دی اور تمام افسران کو پابند کیا گیا کہ مزدوروں کے میڈیکل بلز کے معاوضہ کی ادائیگی کا مکمل طریقہ کار آئندہ اجلاس میں سامنے لایا جائے۔ اجلاس میں سال 2025-26 کے نظر ثانی بجٹ پر بھی تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایات دی گئی کہ مزدوروں کو فراہم کی جانے والی ادویات میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ آئے اور اس حوالے سے گورننگ باڈی نے جولائی کے لیے ایڈوانس ادویات کی خریداری کے لیے 15 کروڑ روپے کے بجٹ کی منظوری دی اور ہدایات دی کہ یہ ادویات اوپن مارکیٹ نہیں بلکہ ٹینڈرز کے ذریعے خریدی جائیں۔ اجلاس میں کمشنر سیسی نے بتایا کہ گورننگ باڈی کی منظوری کے بعد سیسی کے زیر انتظام سندھ بھر میں چلنے والی اسپتالوں کے لئے 3 سال کے کنٹریکٹ پر 60 کنسلٹنٹ اور ماہر ڈاکٹروں کو بھرتی کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں ری آرگنائزیشن کمیٹی کی سفارشات پر لوکل ڈائریکٹوریٹ کی تشکیل کو مکمل کرنے کی رپورٹ کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں سیسی میں انٹرنشپ پروگرام کے تحت 25 افراد کو انٹرنشپ دینے کی سفارش پر گورننگ باڈی نے اس معاملہ کو ری آرگنائزیشن کمیٹی کے سپرد کر کے اس کی رپورٹ آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایات دی۔ اجلاس میں سیسی ملازمین کے لیو انکیشمنٹ کی بحالی کے ایجنڈے کا معاملہ سیسی کی فنانس کمیٹی کے سپرد کرتے ہوئے اس کے تمام قانونی تقاضوں کو دیکھتے ہوئے رپورٹ آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایات دی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر نے کمشنر سیسی کو ہدایات دی کہ تمام ملازمین و افسران کی بائیو میٹرک حاضری کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر سعید غنی نے ہدایات دی کہ آئندہ مالی سال 2026-27 کا



چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن حاجی نواز علی بروہی یونین کونسل 13 ملا حسین بروہی گوٹھ میں سیوریج کے کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں

سیسی میں بائیو میٹرک حاضری کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے

سعید غنی

موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایات کی گئی کہ مزدوروں کو فراہم کی جانیوالی ادویات میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ آئے

تمام ادویات و دیگر میڈیکل آلات کی خریداری کا نظام صاف و شفاف بنایا جائے، وزیر محنت سندھ کا کمیٹی روم میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



کراچی پاکی ایسوسی ایشن کے چیئرمین گلفراز احمد خان کی جانب سے سماجی رہنما زاہد رحیم کی سماجی خدمات پر دیئے گئے استقبالیہ کا گروپ فوٹو

چیئرمین حاجی نواز علی بروہی ایک بار پھر متحرک

چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن یونین کونسل 13، ملا حسین بروہی گوٹھ کا دورہ

فوری نوٹس لیا، بغیر کسی تاخیر کے خود موقع پر پہنچ کر صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

پاک سوزوکی نے 920 کلوواٹ سولر پاور منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ نے اپنے پیداواری یونٹ میں 100 مکعب میٹر بائیو گیس پلانٹ اور 920 کلو واٹ سولر پاور منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا، جسے کمپنی کی کاربن نیوٹرل پالیسی کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔



جہلم پولیس دن رات مصروف عمل ہے، ڈی پی او جہلم

کل مال مسروقہ برآمد 72 لاکھ 44 ہزار 200 روپے اور (14) کیفر گرفتار

لوگوں کے جان و مال کی حفاظت اور سکیورٹی مہیا کرنے کیلئے جہلم پولیس ہر وقت تیار ہے، طارق احمد چوہدری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

گورنر سندھ کی سعودی عرب کی تنصیبات پر ایرانی حملے کی شدید مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے سعودی عرب کی تنصیبات پر ایرانی حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی معاشی تنصیبات پر حملے کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشی طور پر مستحکم سعودی عرب خطے کے امن و استحکام کے لیے نہایت اہم ہے۔

پینٹا لو ہاؤس ملیر محبت، احترام انسانیت کا مرکز ہے، زاہد رحیم

گلفراز احمد خان کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ میں قاضی عابد، ضمیر السلام و دیگر کی شرکت

ہمارے دوست، بھائی سماجی کارکن عرصہ دراز سے انسانیت کی بے لوث خدمت کر رہے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

آبنائے ہرمز کی بندش سے امریکی معیشت مفلوج ہو کر رہ گئی ہے

ثروت اعجاز قادری

ایران سے جنگ کا فیصلہ امریکہ اور اتحادیوں پر بھاری پڑنے لگا ہے، تیل و گیس کی قیمتوں میں اضافہ، امریکی معیشت شدید دباؤ کا شکار ہے

ٹرمپ ایران کے توانائی انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کی دھمکیاں دیتا ہے، امریکہ مذاکرات کی آڑ میں نئی سازشیں تیار کر رہا ہے، چیئرمین پاکستان سنی تحریک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



صدر ایمپریس مارکیٹ کے پاس تجاوزات کی بھرمار ہے، جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں مشکلات کا سامنا ہے

اڈیالہ جیل کے باہر کارکنان پر تشدد قابل مذمت ہے

راجہ اظہر

ظلم کا یہ سلسلہ زیادہ دیر نہیں چل سکتا

پرامن سیاسی کارکنان پر تشدد اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی ہے اور اختلاف رائے کو طاقت کے ذریعے دبانے کی ناکام کوشش کر رہی ہے

کارکنان اس ظلم کے سامنے ہرگز نہیں جھکیں گے اور یہ جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک بانی پی ٹی آئی عمران خان اور دیگر اسیران کو رہائی نہیں مل جاتی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

اسحاق تیموری کا آئی ٹی کورس مکمل کرنیوالے طلبہ میں اسناد کی تقسیم

حسرت موہانی لائبریری یونین کمیٹی نمبر 03 میں اسناد کی تقسیم کی جانے کی پروقار تقریب کا انعقاد

نوجوانوں کی فنی تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے، جدید دور میں آئی ٹی تعلیم کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، اسحاق تیموری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت نے تعلیم کو مذاق اور کھیل بنا دیا ہے

منعم ظفر خان

سندھ حکومت اور میٹرک بورڈ کی نااہلی و بدانتظامی کی سزا کراچی کے طلبہ بھگت رہے ہیں، ہزاروں طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے، ایڈمٹ کارڈ جاری نہ ہونے کی مذمت

ایک سال میں 4 کنٹرولر امتحانات تبدیل کیے گئے، صوبائی محکمہ تعلیمی بورڈ اور متعلقہ ذمہ داران ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈال رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

قائم مقام چیئرمین ٹاؤن ماڈل کالونی فیصل باسط کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد

کونسل اجلاس میں سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی کارکردگی کو مایوس کن قرار دے دیا گیا

صفائی کے انتظام کی مکمل ناکامی پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتا ہے، فیصل باسط کا خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



وائس چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن اسحاق تیموری حسرت موہانی لائبریری یونین کمیٹی نمبر 03 میں آئی ٹی کورس مکمل کرنے والے طلبہ میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

میر اعجاز حسین جکھرانی کے والد میر بابل خان جکھرانی انتقال کر گئے

سابق ایم این اے طویل عرصے سے علیل تھے، کراچی کے نجی اسپتال میں دم توڑا

نماز جنازہ میں ایم این اے، ایم پی ایز سمیت سیاسی و سماجی شخصیات اور ہزاروں افراد کی شرکت



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



قائم مقام چیئرمین فیصل باسط ماڈل کالونی ٹاؤن کونسل کے 30 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہماری پہچان عوام کی خدمت، مخالفین روتے رہیں

کرم اللہ وقاصی

کراچی کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے منصوبے جاری ہیں، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کو بھی جدید بنیادوں پر استوار کیا، ترجمان میئر کراچی

اپوزیشن منفی سیاست اور بے بنیاد تنقید کے بجائے شہر کی بہتری کے لیے مثبت کردار ادا کرے، ترجمان میئر کراچی کی کڑی تنقید

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20



شاعر اور ادیب وقار زیدی نے بہادر یار جنگ اکیڈمی میں اپنے اعزاز میں منعقدہ پروگرام میں حاضرین کا شکریہ ادا کیا

سخی حسن اسٹریٹ کو جدید ڈبل کیرج وے میں تبدیل کیا جائے گا

مرتضیٰ وہاب

یہ منصوبہ 26 سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے پروگرام کا حصہ ہے اور اس کے ذریعے اندرونی سڑکوں کو مرکزی شاہراہوں سے بہتر طور پر منسلک کیا جائے گا

شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے مجموعی طور پر 68 ارب روپے کی لاگت سے مختلف منصوبوں پر کام کیا جا رہا ہے، میئر کراچی نے سنگ بنیاد رکھ دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

روضہ اطہر معصومہ سندھ پر انتظامی امور درہم برہم

حکومت سندھ نااہلیوں کا فوری نوٹس لے کر زائرین کی پریشانیاں دور کرے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں

آصف جان صدیقی

علاقے میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی، نالوں کی مرمت و تعمیر اور فٹ پاتھ کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے، جسے مقررہ مدت میں مکمل کر لیا جائے گا

ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی آصف جان صدیقی کا سرجانی ٹاؤن شپ سیکٹر 5 کا تفصیلی دورہ، ترقیاتی کاموں کا جائزہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

ڈمپرز اور ہیوی ٹریفک سے شہریوں کی ہلاکت حکومتی بے حسی اور بیڈ گورننس قرار

سیف سٹی کیمرا بھی کسی کام کے نہیں، ہیوی ٹریفک کے مالکان طاقتور شخصیات اور حکومتی آشیر باد رکھتے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

ڈپٹی کمشنر بھکر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کونسل کا اجلاس

تعلیم کے شعبہ میں بہتری حکومت پنجاب کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے، احسان علی جمالی

اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن شاذیہ توصیف، متعلقہ افسران، سکول کے ممبران نے بھی شرکت کی



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



بائیں سے دائیں مصور جلال، فوزیہ حبیب فنانس سیکرٹری ڈاکٹر حبیب چائلڈ کیئر فاؤنڈیشن، نثار سولنگی سابق ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود سندھ ڈاکٹر حبیب نواز خان سابق ڈائریکٹر میڈیکل اینڈ ہیلتھ سروسز کراچی میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور صدر ڈاکٹر حبیب چائلڈ کیئر فاؤنڈیشن پاکستان کے بیٹے میکیت نواز خان کے ولیمہ ڈنر کی تقریب میں

رانی پور کے قدیم اور تاریخی قبرستان عیسو لاکو کے تحفظ

موجودہ صورتحال کے حوالے سے امام بارگاہ عیسو لاکو میں ایک اہم اور بھرپور اجلاس منعقد

ساجد علی کربلائی انصاری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عیسو لاکو قبرستان ہمارے بزرگوں کی امانت ہے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

صحت مند پاکستان وژن کے تحت پھلوں کے باغات کے قیام کا آغاز

کورنگی میں فروغ شجرکاری، اسکول اور فرنیچر ایسوسی ایشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

تقریب کے اختتام پر تمام معزز مہمانوں نے شجرکاری مہم کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ اور عہد کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

الخدمت فاؤنڈیشن سندھ کے تحت عالمی یوم صحت پر مختلف پروگرامات کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الخدمت فاؤنڈیشن سندھ کے تحت عالمی یوم صحت بھرپور انداز سے منایا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف بروقت ایکشن

منشیات فروش ملزم کامران ولد مظفر اقبال کو 1146 گرام چرس سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا

ایس ڈی پی او صدر بھکر کی سربراہی میں پولیس افسران منشیات جیسے ناسور سے پاک کرنے کیلئے پرعزم



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

ایڈمٹ کارڈز میں تاخیر نظام تعلیم کی سنگین نااہلی ہے، احمد ندیم اعوان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

ملک میں یکجہتی کی علامت ایم پی پی ہے، عامر علی

ڈاکٹر عشرت العباد خان ملک کی سیاسی سماجی اور ملک کی ترقی کیلئے ناگزیر ہو چکے ہیں

جلد بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے بھی حکمت عملی کا اعلان کرینگے، رکن مرکزی کمیٹی ایم پی پی



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9



آل پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن کے مرکزی سینئر نائب چیئرمین رانا وحید مراد، پرنسپل فائزہ مستوئی و دیگر گورنمنٹ گرلز سیکنڈری اسکول کورنگی میں پھل کا درخت لگا کر دعا کر رہے ہیں

کراچی: اسٹیل ملز میں مہنگی بجلی فراہمی کا معاملہ، عدالت نے فیصلہ محفوظ کر لیا

درخواست گزاروں کی عدالت عالیہ سے کے الیکٹرک کے نرخوں پر بجلی فراہم کرنے کی استدعا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام نوجوان مصنف علی حیدر کے ایوارڈ یافتہ سفرنامے "گھوڑا اور وادی سوات کی داستان" کی تقریب رونمائی میں اپن آس اظہار خیال کرتے ہوئے